سوال

اس لڑکی سے شادی، جس کی ماں نے میرے بھائی کو دودھ پلایا

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

کیا میں اس لڑکی سے شادی کرسکتا ہوں، جسکی ماں نے میرے چھوٹے بھائی کو دودھ پلایا ہو؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جی ہاں آپ اس سے شادی کرسکتے ہیں، کیونکہ دودھ آپ نے نہیں پیا، آپ کے چھوٹے بھائی نے پیا ہے۔اب آپ کا چھوٹا بھائی جس نے دودھ پیا ہے، وہ اس کا رضاعی بیٹا بن گیا ہے، وہ اس عورت کی کسی بھی لڑکی سے شادی نہیں کرسکتا ہے، کیونکہ وہ سب اس کی رضاعی بہنیں ہیں۔ تفصیل کے لئے فتوی نمبر(9939) پر کلک کریں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی